## ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے وفد کی ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی سے ملاقات

### پاک بھارت کشیدگی، خطے کے امن اور ایم کیوایم کے 18 ویں آئینی پیکج اور دیگر امور پر تبادلہ خیال

### جنگ مسئلے کا حل نہیں، ہم جنگ کی غلطی نہیں کرسکتے، ڈاکٹر فاروق ستار

### دونوں طرف کے دہشت گرد اور جنگی جنونی پاکستان اور بھارت دونوں کے دشمن ہیں، اقبال حیدر

### ملاقات کے بعد خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی۔۔۔11 جنوری 2009ء۔۔۔ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان اور سول سوسائٹی کے ایک وفد نے چیئرمین اقبال حیدر کی سربراہی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی۔وفد نے پاکستان اور بھارت کے درمیان پائی جانے والی کشیدگی اور خطے کی موجودصورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور اس سلسلے میں مختلف تجاویز پر مشتمل ایک جوائنٹ ڈکلیریشن بھی ایم کیوایم کے رہنماؤں کو پیش کیا۔وفد میں اقبال حیدر کے علاوہ اسد اقبال بٹ ،ایوب قریشی ،مسز انوشہ عالم، بی ایم کٹی ،عبدالحی ،شرافت علی اور اعجاز حسن شامل تھے۔جبکہ ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار کے علاوہ رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ ،صوبائی وزیر سردار احمد، رکن قومی شیخ صلاح الدین اور سابق رکن قومی اسمبلی کنور خالد یونس بھی شریک تھے۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے ایم کیوایم کی جانب سے تیار کردہ 18 ویں آئینی پیکج کا مسودہ بھی اقبال حیدر اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کو پیش کیا۔ملاقات کے بعد خورشید بیگم میموریل ہال میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کے رہنماؤں اور ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان اور سول سوسائٹی کے وفد نے جنوبی ایشیاء میں پاک بھارت کشیدگی کے خاتمے اور خطے میں قیام امن کیلئے عوام کی شرکت وشمولیت سے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ جنوبی ایشیاء پر جنگ کے خطرات منڈلا رہے ہیں، یہ عالمی امن کیلئے بھی خطرہ ہے اور وقت کا سب سے بڑا چیلنج ہے۔انہوں نے کہا کہ اس خطرے سے نمٹنے کا واحد حل مشترکہ حکمت عملی ہے جو ہمیں سوچ سمجھ کر اختیار کرنا ہوگی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ جنگ خود ایک مسئلہ ہے یہ کسی مسئلہ کا حل نہیں ہوسکتی، جنگ کے تجربے پہلے بھی ہوتے رہے ہیں اب ہم ایک اور جنگ کی غلطی غلطی سے بھی نہیں کرسکتے یہ بات دونوں طرف کے رہنماؤں اور عوام کو سمجھنا ہوگی ۔انہوں نے بتایا کہ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان اور سول سوسائٹی کے نمائندوں سے ایم کیوایم کے تیار کردہ 18 ویں آئینی ترمیم کردہ بل کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی ہے۔ اقبال حیدر نے کہا کہ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان اور سول سوسائٹی نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کے خطرے اور کشیدگی کے خاتمے اور تعلقات کی بحالی کیلئے کوششوں کو آغاز کردیا ہے اور آج ہم اسی سلسلے میں یہاں آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں طرف کے دہشت گرد اور جنگی جنونی پاکستان اور بھارت دونوں کے دشمن ہیں، ہندوستان اور پاکستان کو چاہئے کہ وہ اس سلسلے میں مشترکہ لائحہ عمل اپنائیں، دہشت گرد صرف انسان دشمن ہوتا ہے اس کا کوئی مذہب اور قومیت نہیں ہوتی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ہندوستان کے حکمراں جنگی جنون پر مشتمل مخالفانہ بیانات سے گریز کریں۔ایم کیوایم نے ہمارے جوائنٹ ڈیکلریشن اور کوششوں کو نہ صرف سراہا ہے بلکہ اس کی مکمل حمایت بھی کی ہے اور عملی تعاون کا یقین بھی دلایا ہے۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے ایک سماجی تنظیم پائلر کی جانب سے پاک بھارت تعلقات میں بہتری کیلئے ملک میں شروع کی گئی عوامی دستخطی مہم کو بھی سراہا اور اس کی حمایت کی۔

## ایم کیوایم پیر کو اٹھارہواں آئینی ترمیمی بل قومی اسمبلی میں پیش کرے گی، ڈاکٹر فاروق ستار

### ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان اور سول سوسائٹی کی جانب سے ایم کیوایم کے 18 ویں آئینی پیکج کی حمایت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔ایم کیوایم صوبائی خودمختاری کے بارے میں اٹھارہواں آئینی ترمیمی بل پیر کو قومی اسمبلی میں پیش کرے گی۔یہ بات کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین اقبال حیدر اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہمارا 18 ویں آئینی ترمیمی بل دراصل صوبائی خودمختاری کا پیکج ہے جس میں صوبائی خودمختاری، عدلیہ کی مکمل آزادی، آئینی وجمہوری اداروں کو بااختیار بنانا اور عوامی شراکتی جمہوریت کے تصور کو اجاگر کرنا بھی شامل ہے۔اس موقع پر ہیومن رائٹس کمیشن کے چیئرمین اقبال حیدر نے ایم کیوایم کے 18 ویں آئینی پیکج میں دی گئی صوبائی خودمختاری کے بل کی مکمل حمایت کی اور اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## نارتھ کراچی میں آتشزدگی سے جاں بحق افراد کے سوئم میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری، رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم اور عہدیداران وکارکنان کی شرکت۔شعیب بخاری نے متاثرین کیلئے بنائے گئے عارضی اسپتال کا دورہ کیا اور زخمیوں کی عیادت کی

کراچی۔۔۔11، جنوری2009ء۔۔۔جمعرات کی شب نارتھ کراچی کے علاقے سیکٹر5L میں جھونپڑیوں میں خوفناک آتشزدگی سے جاں بحق ہونیوالے42افراد کا سوئم آج سیکٹر5/E نیوکراچی میں ہوا جس میں مرحومین کی ارواح ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ، حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم، حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہارالحسن، نیوکراچی ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم اختر حسین،، نائب ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم نارتھ کراچی و نیوکراچی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے مولوی تمیزالدین ہائی اسکول نیوکراچی میں ایم کیوایم کی جانب سے قائم کئے گئے عارضی اسپتال کا دورہ کیا اور متاثرین کی عیادت کی۔انہوں نے اسپتال میں خدمات انجام دینے والے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔عارضی اسپتال میں آتشزدگی سے متاثرین کو ہر ممکن علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

## پاکستان اسٹیل کی بحرانی کیفیت کوختم کرنے کیلئے پاکستان اسٹیل کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز از سرنو تشکیل دیا جائے۔ایم کیوایم لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔11، جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ پاکستان اسٹیل رواں مالی سال کے پہلے 6ماہ میں مالی بے ضابطگیوں اور بدعنوانی کا شکار ہونے کے ساتھ ساتھ مالی، انتظامی اور پیداواری بحران میں مبتلا ہے جبکہ پاکستان اسٹیل کے رواں مالی سال کا آغاز3.6ارب روپے خالص منافع اور اربوں روپے کے اکاؤنٹس سے ہوا تھا۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال کے پہلے 6ماہ میں 6لاکھ 74ہزار میٹرک ٹن پیداوار سے تقریباً13ارب روپے کی ہونیوالی فروخت کے باوجود ملازمین کے گریجویٹی اور پروویڈنٹ فنڈ سے 6ارب 80 کروڑ روپے کی رقم نکالنا اور انتظامیہ پاکستان اسٹیل کی جانب سے مقامی بنک سے اربوں روپے قرض کی درخواست بڑی مالی بے ضابطگی اور بدعنوانی کی کھلی نشاندہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پچھلے مالی سال2008-2009ء کے اختتام پر کل 12لاکھ 90ہزار 636میٹرک ٹن پیداوار کی فروخت سے 40ارب 47 کروڑ50لاکھ روپے حاصل ہوئے تھے اور گزشتہ کئی برسوں سے پاکستان اسٹیل منافع بخش ادارہ بن کر ابھرا تھا۔انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج پاکستان اسٹیل کی پیداوار انتہائی سست روی کا شکار ہے، خام مال اور کیمیکل کا اسٹاک تشویشناک حد تک ختم ہو چکا ہے، پیداواری اسٹاک ماہ دسمبر08ء کے آخر میں تقریباً ایک لاکھ 10ہزار میٹرک ٹن رہ گیا ہے اور پاکستان اسٹیل کی بڑی ادائیگیاں روک لی ہیں جبکہ ماہ نومبر میں اسٹیل مصنوعات کی نئی قیمتیں جس میں تقریباً27ہزار روپے مجموعی فی ٹن کمی کی گئی ہے اس قیمت پر فروخت سے ادارہ کو شدید مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔انہوں نے کہا کہ اعداد وشمار کی ہیرا پھیری سے ایوان بالا کو مطمئن کرنے کی کوششیں ادارہ کو شدید تباہی کے دہانے پر پہنچا چکی ہیں لہٰذا پاکستان اسٹیل کے حسابات کا خصوصی آڈٹ کرایا جائے اور انتظامی، مالی اور پیداواری صلاحات کیلئے خصوصی پالیسی وضع کی جائے۔انہوں نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر منظور وٹو سے مطالبہ کیا کہ پاکستان اسٹیل کی بحرانی کیفیت کو ختم کرنے کیلئے پاکستان اسٹیل کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز از سرنو تشکیل دیا جائے، مالی بے ضابطگیوں، سیلز ومارکیٹنگ پالیسی کی ناکامی کا سدباب کرنے کیلئے تمام معاملات کی چھان بین کرائی جائے اور اس حوالے سے ملازمین میں پھیلی بے چینی اور دور کیا جائے۔

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ایوب شیخ نے عالمی شہرت یافتہ اولمپئن اصلاح الدین اور سندھی دانشور ابراہیم جویو کی عیادت کی

کراچی۔۔۔11، جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری اور حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ایوب شیخ نے عالمی شہرت یافتہ اولمپئن اور قومی ہاکی ٹیم کے سابق مایہ ناز کھلاڑی اصلاح الدین اور ممتاز سندھی دانشور ابراہیم جویو کی مقامی اسپتال میں جاکر عیادت کی۔انہوں نے اصلاح الدین اور ابراہیم جویو کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور انہیں گلدستہ بھی پیش کیا۔وہ کچھ دیر ان کے ہمراہ رہے اس موقع پر انہوں نے اصلاح الدین اور ابراہیم جویو کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 11، جنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن رانا طاہر کے والد رانا عبدالغفار کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## محبان پاکستان کویت کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن اختر شیخ کے چھوٹے بھائی اقبال شیخ کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 11، جنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محبان پاکستان کویت کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن اختر شیخ کے چھوٹے بھائی اقبال شیخ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے اختر شیخ اوران کے تمام اہل خانہ سے ہمدردی کا اظہار کیا اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم اقبال شیخ کی مغفرت فرمائے اورتمام لواحقین کوصبر جمیل عطا کرے ۔

☆☆☆☆☆